20/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

چناؤ کمیشن

بھارتی چناؤ کمیشن نے جمونو کشمیر سمیت دیگر 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ چناؤ فہرستوں کی آئندہ خصوصی جامع نظر ثانی (SIR) کےلئے ابتدائی مرحلے کاکام جلد مکمل کریں۔

متعلقہCEOs کویہ ہدایت اس لئے دی گئی ہے کہ کیونکہ یہ کام اس سال اپریل سے شروع ہونے کی توقع ہے۔ چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ فی الوقت SIR بارہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں جا ری ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کشمیر پنڈتوں کی با عزت واپسی اور ان کی سلامتی کے تئیں عہد بند ہے۔جموں میں پروفیسر اشوک کول کی کتاب"Kashmir Nativity Regained" کاافتتاح کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ عنقریب ہی اس خطے کو دہشت پسندی سے مکمل طور پر نجات دلائی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ ہجرت کرنے والے کشمیری پنڈتوں کے ہر کنبے نے اپنی جد وجہد کے دوران فلسفے، روحانیت ، ثقافت، زبان اور روایات کو زندہ و جاوید رکھا ہے۔

----LG-2----

یوم ِقیام

اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے میزو رم اور اروناچل پردیش کو ان کے یومِ قیام پر مبارکباد پیش کی ہے۔

منوج سنہا نے ان دونوں ریاستوں کے عوام کی خوشحالی اور ترقی کےلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

لوک بھون جموں میں ایک تقریب منعقد ہوئی، جہانلیفٹنٹ گورنر نے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے جذبے کو تقویت دینے پر زور دیا۔ انہوننے کہا کہ محض جغرافیائی خطے ہونے کے برعکس کے دونوں ریاستیں ملک کی ثقافتی میراث اور اتحاد کی جیتی جاگتی علامتیں ہیں۔

وزیر اعلیٰ

جمونو کشمیر اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے حد اختیار میں آنے والے محکموں کےلئے مطالبات زر کو پاس کیا ہے۔ ان مطالبات پر دو دن تک بحث ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے اس بحث میں حصہ لینے والے43 ارکان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے مالی اصلاحات، سیاحت کے احیائ، بجلی کی پیداوار میں اضافہ کرنے کاقابل استطاعت رہائش جیسے اقدام کےلئے نقش راہ کا خاکہ پیش کیا۔ انہوننے کہاکہ ڈیلی ویج ملازموں کو باقاعدہ بنانے کےلئے فریم ورک تیار کرنے کی غرض سے ایک کمیٹی پہلے ہی تشکیل دی گئی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے کہا ہے کہ بانڈی پورہ ضلعے میں8کلو میٹر رازدان ٹنل کےلئے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کرنے کا کام جلد ہی شروع کیا جائے گا۔

وہ اسمبلی میں نذیر احمد خان گریزی کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا کہ محکمہ موجودہ صحت سہولیات کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ اسمبلی میں الطاف احمد کلو کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ پہلگام کے اسپتال میں50بستروں والے اضافی بلاک پر تعمیر ی کام مناسب رفتار کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

EOW

بینک میں مالی بے ضابطگی HDFC کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے کے ایک معاملے میں5ملازمین کو گرفتار کر لیا ہے۔

وِنگ کے اہلکاروں نے شوپیان اور بڈگام اضلاع میں کئی Offences اس سلسلے میں اکنامِک مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں بھی عمل میں لائیں۔

ایک اور کارروائی میں اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے بنگلہ دیش میڈیکل کالج میں داخلے کے حوالے سے ایک علیحدہ معاملے میں4ملزموں کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔

سرینگر

محکمہ سماجی بہبود نے خواتین کو با اختیار بنانے کے سنکلپ ہب کے تعاون سے سکمز میٹرنٹی اسپتال صورہ اور سکمز میڈیکل کالج و اسپتال بمنہ میں پر دھان منتری ماترو وندھنا یوجنا کے تحت ایک کامیاب اندراجاتی مہم چلائی۔

اس مہم کا مقصد تمام اہل حاملہ خواتین اور دو دھ پلانے والی ماؤں کی نشاندہی کرکے ان کا اندراج کرانا ہے ، تاکہ انہیں اسکیم کے فوائد سے مستفید کرایا جا سکے۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آبی پناہ گاہوں کی حد بندی میں درستگی لانے کےلئے بر وقت اقدام اور محکمہ جاتی تال میل پر زور دیا ہے۔

وہ ہوکر سر آبی پناہ گاہ کی حد بندی کے کام کا ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان شِشر گپتا نے ٹیلی مواصلات کے نیٹ ورک میں خامیوں کو دور کر تے ہوئے اس میں سدھار لانے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وہ ضلع سطح کی ٹیلی کام کی میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

بانڈ ی پورہ

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کی جانب سے منشیات کے خلاف جانکاری پیدا کرنے کی غرض سے ضلعے کے مختلف بلدیاتی علاقوں میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک مہم چلائی گئی۔

مہم چلانے والی ٹیم میں صحت، پولیس، تعلیم، سماجی بہبود، کھیل کود اور دیگر متعلقہ محکموں کے ملازمین شامل تھے۔

کرکٹRanji

رانجی ٹرافی کا فائنل24فروری سے28فروری تک جمونو کشمیر اور کرناٹک کے بیچ کھیلا جائے گا۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ جمونو کشمیر کی ٹیم پہلی مر تبہ رانجی ٹرافی کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

جمونو کشمیر نے سمی فائنل میں بنگال کی ٹیم کے خلاف ایک تاریخی جیت درج کی ہے۔ سمی فائنل میں9وکٹ لینے والے آل راؤنڈر عاقب نبی کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...